India-Oman Strategic Consultative Group (IOSCG) Meeting

January 14, 2021

ہندوستان-عمان اسٹریٹجک مشاورتی گروپ (IOSCG) کا اجلاس

14 جنوری، 2021

ہندوستان - عمان اسٹریٹجک مشاورتی گروپ (آئی او ایس سی جی) کا ایک اجلاس آج نئی دہلی میں شخصی طور پر موجودگی کی صورت میں منعقد ہوا۔ ہندوستانی وفد کی قیادت بھارتی وزارت میں سکریٹری (سی پی وی اینڈ او آئی اے) جناب سنجے بھٹاچاریہ نے کی، جبکہ عمانی وفد کی سربراہی عمانی وزارت خارجہ میں سفارتی امور کے انڈر سیکرٹری عالی جناب شیخ خلیفہ بن علی الحارثی نے کی۔ کووڈ - 19 کے آنے کے بعد سے ہندوستان کے لئے عمان کی طرف سے یہ پہلا اعلی سطحی سرکاری دورہ تھا۔

دونوں فریقین نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ کووڈ 19 وبائی بیماری کے باوجود دونوں فریقین نے اپنے اسٹریٹجک تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لئے قریبی رابطے اور مستحکم رفتار کو برقرار رکھا ہوا ہے۔ سکریٹری (سی پی وی اینڈ او آئی اے) نے وبائی مرض کے دوران عمان میں بڑے تعداد میں موجود ہندوستانی برادری کا بہترین خیال رکھنے پر عمانی فریق کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر بھی خوشی کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے مابین ایئر ببل کا انتظام بہتر طریقے سے چل رہا ہے۔ عمانی فریق نے اس پر اظہار تشکر کیا کہ وبائی مرض کے دوران ہندوستان نے عمان کو خوراک اور طبی سامان کی سہولت فراہم کی ہے۔ ہندوستان نے عمان کو کووڈ -19 ویکسین کی ضرورت میں مدد کی یقین دہانی کرائی۔

ہندوستان - عمان اسٹریٹجک مشاورتی گروپ (آئی او ایس سی جی) کے دوران دونوں فریقین نے سیاسی، توانائی، تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، سلامتی، خلا، کان کنی، سائنس اور ٹکنالوجی، ثقافت اور قونصل کے شعبوں سمیت ہندوستان- عمان تعلقات کے سارے پہلوؤں کا جائزہ لیا۔ اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دونوں فریقین مستقبل پر مبنی تعلقات کے لئے ان شعبوں میں مختلف معاہدوں اور مفاہمت ناموں پر عمل پیرا ہوں گے۔ انہوں نے اس بات پر توقع ظاہر کی کہ تجارت اور سرمایہ کاری کے روابط میں کووڈ -19 کے بعد حالات کے معمول کے مطابق آنے پر ایک بار پھر رفتار آجائے گی۔ انہوں نے صحت اور فوڈ سیکورٹی کے شعبوں میں باہمی تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقین نے حالیہ علاقائی پیشرفت کے علاوہ باہمی دلچسپی کے عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر نے بھی آج عمانی انڈر سیکرٹری کا استقبال کیا۔ وزیر خارجہ نے عزت مآب سلطان ہیثم بن طارق کی حکومت کی پہلی برسی کے موقع پر عمانی فریق کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے عالی جاہ کے دورہ ہند کے لئے وزیر اعظم کی طرف سے دعوت دی۔ انہوں نے مختلف شعبوں میں ہندوستان- عمان اسٹریٹجک شراکت داری کی مستحکم مضبوطی کے لئے توقع ظاہر کی۔

شیخ خلیفہ کل سشما سوراج انسٹی ٹیوٹ فار فارن سروس کا دورہ کریں گے۔

نئی دہلی

14 جنوری، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on .MEA’s website and may be referred to as the official press release